

# انوکھی لغت

2




شیشم کا درخت
شاخ
شیر
شکاری
شطرنج
شعلہ

سوال 6: کون سی اِملا درُست ہے؟ (✓) یا (✗) لگائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| شولا | شعلہ | شان و شوکت | شانوشوکت |
| شترنج | شطرنج | شرت | شرط |
| شہد | شید | شوق | شوک |

سوال 7: مندرجہ ذیل موضوعات پر کہانی سوچیں، ایک دوسرے کو زبانی سُنائیں اور لکھیں۔

1- دونوں شکاری، شطرنج کھیلنے میں مصروف ہیں اور شیر اُن کے قریب پہنچ چکا ہے۔ اب کیا ہو گا؟

2- ''شہد کی مکھیوں کا چھتّا اور شرارتی بچوں کا انجام''۔

## سرگرمیاں:

1- ''شجرکاری'' کسے کہتے ہیں اور پاکستان میں ''شجرکاری کی مُہم'' کن مہینوں میں چلائی جاتی ہے؟ اُستانی صاحبہ سے سُنیں۔

2- بچوں کو شیر کے شکار پر بنی ہوئی کوئی دستاویزی فلم (Documentary Film) دکھائیں۔

3- طلبا کی مدد سے حرف ''ش'' سے شروع ہونے والی چیزیں جمع کریں۔

4- طلبا کو انٹرنیٹ کی مدد سے پاکستان میں پائے جانے والے درختوں کی تصاویر دکھائیں اور اُن کے اُردو نام سکھائیں، مثلاً شیشم کا درخت جس کی لکڑی اور اُس سے بنا ہوا فرنیچر بہت قیمتی سمجھا جاتا ہے۔

### لُغت

| | |
|---|---|
| شِرک | اللّٰہ کے ساتھ کسی کو شریک کرنا |
| شاخ | ٹہنی |
| شکست | ہار |
| شِفا | تندرُستی |
| شان و شوکت | عزّت ۔ رُعب |
| شِکم | پیٹ |
| شِکن | بَل |
| شُجاعت | بہادُری |
| شِیشم | ایک قِسم کا درخت |

5۔ اپنے شہر کی ــــــــــــــ کا خیال رکھنا ہم سب کا فرض ہے۔

سوال 4: واحد جمع پڑھیں اور سیکھیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ◎ | صَف | صَفیں | ◎ | صَدمہ | صَدمے/صدمات |
| ◎ | صَفحہ | صَفحے/صفحات | ◎ | صُوبہ | صُوبے |
| ◎ | صُورت | صُورتیں | ◎ | صاحب | اصحاب |

## سرگرمیاں:

یہ معلومات طلبا کو پڑھ کر سُنائیں تا کہ اُنہیں یاد رہیں۔

1- صلاح الدین ایُوبی: ایک عظیم اور بہادُر مسلمان سپہ سالار تھا۔


2- پُل صراط: ایک پُل جو دوزخ کے اُوپر سے گزرتا ہے۔ یہ پُل، بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہے۔ تمام لوگوں کو اُس پر سے گزرنا پڑے گا، جو گُناہ گار ہوں گے وہ جہنم میں گر جائیں گے۔ جو نیک ہوں گے وہ تیزی سے گزر کر جنت میں داخل ہوجائیں گے۔

3- اصحابِ صُفّہ: وہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم جو مسجدِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں بنے ہوئے ایک چبوترے پر بیٹھے دین کی تعلیم حاصل کرتے تھے۔

4- صورِ اسرافیل: ایک فرشتہ جنہیں حضرت اسرافیل علیہ السلام کہتے ہیں، ایک بِگل بجائیں گے۔ اس کے بجتے ہی قیامت برپا ہو جائے گی۔ اِس بِگل کو ''صورِ اسرافیل'' کہتے ہیں۔

## لُغت

| | |
|---|---|
| صحابی | رسُول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھی |
| صراطِ مُستقیم | سیدھا راستہ |
| صابر | صبر کرنے والا |
| صحت | تندرُستی |
| صِفَت | خُوبی |
| صِلہ | بدلہ |
| صحرا | ریگستان |
| صنوبر | ایک قِسم کا درخت |
| صندل | ایک درخت جس کی لکڑی خُوشبُو دار ہوتی ہے۔ |
| صُوبہ | ملک کا ایک بڑا حصہ جس میں کئی شہر آباد ہوتے ہیں۔ |


ظالم
ظُلم
ظلال

سوال 4: مندرجہ ذیل حروف پڑھیں اور الفاظ بھی۔ ان کی آواز بالکل ایک جیسی ہے مگر اِملا اور معانی مختلف ہیں۔ پڑھیں اور سیکھیں۔

| ز | ض | ظ |
|---|---|---|
| زنجیر | ضرورت | ظفر |
| زہر | ضِدی | ظریف |
| زرقا | ضرُوری | ظُہر |
| زبردست | ضائع | ظاہر |
| زور | ضمیر | ظہیر |
| زمُرد | ضَبط | ظُہرانہ |
| زمانہ | ضرب | ظرف |

## لُغت

| | |
|---|---|
| ظرافت | ہنسی مذاق ۔ دل لگی |
| ظریف | ہنسی مذاق کرنے والا |
| ظُلمت | اندھیرا ۔ تاریکی |
| ظالم | ظلم کرنے والا |
| ظاہر داری | بناوٹ اور جھُوٹ |
| ظاہر | نظر آنے والی حالت ۔ دِکھاوا |
| ظلال | سایہ |
| ظن | رائے ۔ خیال |
| ظہُور | ظاہر ہونا |
| ظہیر | مددگار ۔ دوست |

## سرگرمیاں:

اس سبق کے تمام الفاظ بچوں کے لیے نئے اور مشکل ہیں لہٰذا اُستانی صاحبہ جملوں اور تصاویر کی مدد سے الفاظ کا مطلب آسان طریقوں سے سمجھائیں اور سکھائیں۔

# مشق

سوال 1: سبق میں دیئے گئے جُملے اور تختی کے الفاظ، اُستانی صاحبہ کے ساتھ مل کر اُونچی آواز میں پڑھیں اور دُرست تلفّظ سیکھیں۔

سوال 2: خُوش خط لکھیں:

غُلیل ________ ________ ________ ________ ________

غِیبت ________ ________ ________ ________ ________

غُرّانا ________ ________ ________ ________ ________

غوطہ ________ ________ ________ ________ ________

غُربت ________ ________ ________ ________ ________

سوال 3: تصاویر پر دیئے گئے خالی دائروں میں اُس کا نام لکھیں۔

سوال 4: پہچانیں اور دائرہ لگائیں کہ اِن الفاظ میں ''غ'' کہاں ہے؟ ''غ'' کی مختلف شکلیں خانوں میں لکھیں۔

سُراغ روغن مغرُور رغبت مغرب مُرغ کاغذ چلغوزہ غُلام دماغ

| | | |
|---|---|---|
| | | |

اب آپ اِن ہی الفاظ کے توڑ ہوم ورک کاپی میں لکھیں۔

5- یہ نذیر صاحب ——— مکان ہے۔

6- میری نئی کار ——— چابی گم گئی ہے۔

سوال۴: مندرجہ ذیل سوالیہ الفاظ ہیں۔ ہر لفظ سے ایک ایک جُملہ بنائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| کس | کب | کسے | کہاں |
| کیسا | کون | کیا | کیوں |

سوال۵: دُرست اِملا پر (✓) اور غلط پر (✗) لگائیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| قَسم | کسم | کینچی | قینچی | کُتب | قتب |
| کربانی | قُربانی | قصاب | کساب | قشتی | کشتی |
| قافِلہ | کافلا | کازی | قاضی | قرض | کرز |

## لُغت

| | |
|---|---|
| کبُڑا | جس کی کمر ٹیڑھی اور جھکی ہوئی ہو |
| کاتب | خوش خط لکھنے والا |
| کَشِش | کھینچنے کی قوت |
| کَرَم | مہربانی۔عنایت |
| کاہل | سُست۔ کام چور |
| کنگال | مُفلس۔انتہائی غریب |
| کرتُوت | بُرے کام |
| کُتب فروش | کتابیں فروخت کرنے والا |


## سرگرمیاں:

1- طلبا کو انٹرنیٹ کی مدد سے مندرجہ ذیل کی تصاویر دکھائیں، نام یاد کروائیں اور اُن کے درمیان تصویری مقابلہ کروائیں:

کُونج کوّا کوئل کمان کریلا کیکر کا درخت کنول کا پھُول کپاس کا پھُول

2- بچوں کو ہر سال شہر میں ہونے والے ''کُتب میلے'' میں شرکت کے لیے لے جائیں۔

* خانہ ٔکعبہ : ہم مسلمانوں کا قبلہ ہے جس کی سمت رُخ کر کے ہم نماز ادا کرتے ہیں۔ کعبہ ، مسجد الحرام میں ہے جو مکہ میں ہے، جہاں ہم حج اور عُمرہ ادا کرنے جاتے ہیں۔




# گ




## سُنو اور پڑھو :

1- **گائے**، **گاجریں** یا **گوبھی** نہیں کھاتی بیٹا!

2- **گدھے** کے **گڑھے** میں **گرتے** ہی **گِدھ** ، **گِرگٹ** اور **گیدڑ** جمع ہو گئے۔

3- **گوالن** ، لڑکی کے **گلے** میں **گُلابی گُلاب** کے پھولوں کا ہار دیکھ رہی تھی۔

4- **گلی** میں کھڑا **گُستاخ** لڑکا، **گلا** پھاڑ پھاڑ کر **گالیاں** بک رہا تھا۔


5- **گڈریا**، **گندم** کی بوری، **گودام** میں لے گیا۔

6- **گاؤں** کی ہر **گلی**، **گارے** اور **گندگی** سے اَٹی پڑی تھی۔

7- بُرے **گمان گناہ** ہوتے ہیں، اِن سے **گریز** کرو۔

### ذخیرۂ الفاظ

| | | |
|---|---|---|
| گپ شپ | گول مٹول | گول مول |
| گاؤں | گرج | گڑبڑ |
| گُوگل | گلّہ | گلہری |
| گیہوں | گوالا | گُٹھلی |


گوالن
گائے
گلابی گلاب
گاجریں
گوبھی